lululemon | Vendor Code of Ethics

# Respectful

20
21

Founded in 1998, lululemon's purpose is to elevate the world by realizing the full potential within every one of us. This includes the workers who make our products. The Vendor Code of Ethics outlines our unwavering commitment to contributing to healthy communities by fostering respectful and inclusive workplaces.

This Code is based on international standards, such as the International Labour Organization's Declaration on Fundamental Principles and Rights at Work, the Universal Declaration of Human Rights, the United Nations Guiding Principles, the OECD Due Diligence Guidance for Responsible Supply Chain in the Garment and Footwear sectors  and those of the Fair Labor Association, to which we are affiliated as a Participating Company. A commitment to these internationally recognized principles is the starting point.

These are our minimum standards that we expect all of our Vendors to comply with, and we will work with our Vendor partners to ensure they are upheld. Requirements in this Code apply to owned facilities as well as subcontractors, and upstream suppliers. Where differences or conflicts in standards arise between this Code and national or local regulations, the strictest standard applies.

This Code is complemented by compliance benchmarks. If we find that a Vendor is not in compliance with this Code and benchmarks, we will require immediate attention to corrective action. Compliance with the Vendor Code of Ethics is a condition to start and maintain a business relationship with lululemon.

# قابل احترام اور جامع جائے کار

## ملازمت پر تعلق

وینڈر ملازمت کے ایسے شرائط و ضوابط کو اختیار اور ان کی تعمیل کرے گا جو کارکنان کا احترام کرتے ہیں اور کم از کم طور پر، قومی اور بین الاقوامی مزدوری اور سوشل سکیورٹی کے قواعد و ضوابط کے تحت ان کے حقوق کا تحفظ کرے گا۔

## ملازمت کا آزادانہ انتخاب

وینڈر بھرتی کرنے، نوکری دینے یا ملازمت میں جبری مشقت کو استعمال نہیں کرے گا، بشمول لیکن بلا تحدید، غیر رضاکارانہ اوور ٹائم، انسانی اسمگلنگ، مزدور کو قیدی بنانا، مشروط غلامی، یا مزارعہ بنانا۔

## غیر امتیازی سلوک

وینڈر بھرتی اور ملازمت کے طریقہ کار میں متعصبانہ رویہ اختیار نہیں کرے گا۔ تمام ملازمین کو ملازمت کے مواقعوں، بشمول بھرتی، تنخواہ، مراعات، ترقی، تربیت، کام کی تفویض، یا ریٹائرمنٹ تک مساوی رسائی حاصل ہو گی، اور انہیں ان کی نسل، جنس، صنفی شناخت، مذہب، قومیت، ازدواجی حیثیت، لسانی شناخت، نسب، جنسی میلان، معذوری، بیماری، حمل، عمر، زبان، سماجی شناخت، امیگریشن کی حیثیت، کارکن تنظیموں کی رکنیت یا ان سے ہمدردی بشمول یونینز، سیاسی وابستگی یا نظریے، کسی قسم کی دوسری ذاتی خصوصیات، سماجی گروپس، پروٹیکٹڈ حیثیت، یا دیگر کسی حیثیت کی بناء پر انضباطی امتیاز یا معطلی کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔

معمول کے کاروباری ہفتے میں وینڈر کارکنان سے 48 گھنٹوں سے زائد وقت کے لیے کام نہیں کروائے گا۔ لازم ہے کہ ہر قسم کا اوور ٹائم کام رضاکارانہ ہونا چاہیئے، پریمیئم ریٹ پر معاوضے کی ادائیگی ہونی چاہیئے اور باقاعدگی سے اس کی درخواست نہیں کی جانی چاہیئے۔ وینڈرز کے لیے ضروری ہے کہ ہر سات دن کی مدت میں کم از کم 24 گھنٹوں کا مسلسل وقفہ، اور دستوری چھٹیاں اور تعطیلات لازمی دیں۔ وینڈرز کو یہ یقینی بنانا چاہیئے کہ کارکن کے کام کے اوقات، بشمول اوور ٹائم، فی ہفتہ 60 گھنٹوں یا مقامی قانونی حد سے تجاوز نہ کریں، ان میں سے جو بھی کم ہو، ماسوائے غیرمعمولی حالات کے۔ وقفے کا وقت قومی قواعد و ضوابط کے مطابق دیا جانا چاہیئے۔

## چائلڈ لیبر کا استعمال بالکل نہیں کیا جانا چاہیئے

وینڈر ایسے کارکنان کو ملازمت پر نہیں رکھے گا جو کم از کم 15 سال سے چھوٹے ہوں، جن کی عمر بنیادی تعلیم مکمل کرنے کی ہو، یا جو مقامی قانون کے مطابق کام کرنے کی کم ترین عمر کی حد پر پورا نہ اترتے ہوں، ان میں سے جو بھی زیادہ ہو۔ 18 سال سے کم عمر کارکنان کو اوور ٹائم، رات کی شفٹوں، مشکل کام کرنے سے بچایا جائے گا، اور ان کو دیئے جانے والے کام طے شدہ قانونی تقاضوں کی حدود اور بہترین ضابطہ اخلاق کے مطابق ہوں گے۔

## پراسانگی، بدسلوکی اور تادیبی کارروائی

وینڈر ہر ملازم کی عزت و وقار کا خیال رکھے گا۔ جائے کار پر زبانی، نفسیاتی، جسمانی، یا جنسی ہراسگی، بدسلوکی، دھمکیوں، یا خوفزدہ کرنے جیسے رویے کی کوئی گنجائش نہیں ہو گی یا انہیں نظر انداز نہیں کیا جائے گا۔

## معاوضہ اور مراعات

وینڈر تسلیم کرے گا کہ معمول کا پورا ہفتہ کام کرنے پر معاوضہ حاصل کرنا ہر کارکن کا بنیادی حق ہے جو کارکن کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کافی ہو اور اسے کچھ صوابدیدی آمدن فراہم کرے۔ کارکنان کو کم از کم اجرت یا مناسب رائج کردہ اجرت، جو بھی زیادہ ہو، ادا کی جائے گی، اور اوور ٹائم پر پریمیئم ریٹ کے مطابق معاوضہ دیا جائے۔ وینڈرز کو اجرت کے تمام قانونی تقاضوں پر عمل کرنا چاہیے، اور قانون، معاہدے، یا عالمی بہترین طرز عمل کے مطابق درکار مراعات فراہم کرنی چاہیئں۔ جہاں معاوضہ کارکنان کی بنیادی ضروریات کو پورا نہ کرتا ہو اور انہیں اضافی آمدن مہیا نہ کرے، تو ہر وینڈر معاوضہ کی سطح کو بڑھانے کے لئے مناسب اقدامات کرنے کی غرض lululemon سے ساتھ مصروف عمل ہو گا۔ خواتین ملازمین کو زچگی کا تحفظ فراہم کیا جانا ضروری ہے - جس میں انہیں قومی قواعد و ضوابط کے تقاضوں کے مطابق - رخصت اور مراعات کے ساتھ ساتھ کسی قسم کے امتیازی سلوک سے بھی تحفظ فراہم کیا جائے گا۔

## اوقات کار اور اوور ٹائم وابستگی اور اجتماعی سودے بازی کی آزادی

وینڈر ملازمین کی اپنی مرضی کی ایسوسی ایشنز میں شمولیت اور ان کے نظم اور وینڈرز کی جانب سے مداخلت کے بغیر اجتماعی سودے بازی کے حق کو تسلیم کرے گا اور اس کا احترام کرے گا۔ جہاں وابستگی کی آزادی اور اجتماعی سودے بازی کا حق قانون کے تحت ممنوع ہو، وہاں وینڈرز خودمختار اور آزادانہ وابستگی اور اجتماعی سودے بازی کے متوازی طریقوں کی ترقی کو سہل بنائیں گے اور ان میں رکاوٹ پیدا نہیں کریں گے۔

جائے کار پر اس کوڈ پر تعمیل نہ ہونے کی صورت میں براہ کرم اپنی منتخب کردہ زبان میں ہم سے sustainablepartner@lululemon.com پر براہ راست رابطہ کریں۔

# ایماندار
# باآدب
# محفوظ
# صحت مند
# جامع
# واضح
# شفاف

# محفوظ اور صحت مند کارکنان اور کمیونٹیز

## ماحولیاتی انتظامات

حاونودرگ روا لوحام ببس ےک راک ےئاج ینپا رڈنیو یفلات یک تارثا یفنم ےلاو ےنوہ رپ زیٹنویمک یک رڈنیو ہک ہے یرورض ےیل ےک سا روا ،اگ ےرک ینپا روا ںودام یئایمیک ےلاو ےنوہ لامعتسا ماظتنا اک یناپ ےدنگ ےلاو ےنوہ ادیپ ںیم ںویرٹکیف اسیج ں۔ی ے ہئانپا راک ہقیرط روا ںایسیلاپ ےیل ےک ےنرک ہے۔ ایگ کlululemon ایاتب ںیم ےچباتک یتایلوحام ےک ہ

## صحت اور تحفظ

کام کے دوران یا اس کے حوالے سے، یا وینڈرز کی سہولیات کے افعال کے نتیجے میں حادثات اور چوٹوں سے پیش آنے والے صحت کے مسائل سے بچاؤ کے لیے وینڈر صحت بخش اور محفوظ جائے کار اور رہائشی ماحول فراہم کرے گا۔ کارکنان کو صحت اور تحفظ کی مناسب تربیت، صاف ستھرے بیت الخلاء اور پینے کے صاف پانی تک رسائی، اور صاف اور محفوظ رہائشی ماحول فراہم کیا جانا چاہیے جو ان کی بنیادی ضروریات کو پورا کرے۔

# ایماندارانہ مواصلت

## شکایت کے حال کا مؤثر طریقہ کار

وینڈر ایسے طریقہ کار نافذ کرے گا جو ملازمین کو جائے کار پر کسی انتقام یا جوابی کارروائی کے خوف کے بغیر خفیہ، گمنام، اور/یا براہ راست شکایات کرنے اور انہیں حل کرنے کی اجازت دیں۔ طریقہ کار واضح طور پر تمام ملازمین کو بتایا جائے گا۔ وینڈرز کو ملازمین کے خدشات کا فوری جواب دینا چاہیے۔

## باخبر کارکنان

وینڈر یہ ضابطہ تمام اہم کام کے مقامات اور رہائشی جگہوں میں ملازمین کی زبان (زبانوں) میں آویزاں کرے گا، اور ملازمین کو ان کی مشمولات کی تربیت دی جانی چاہیے۔

## صاف گو، شفاف اور معاون رہیں

وینڈر اور lululemon کارروائیوں سے ہونے والے منفی اثرات کو کم کرنے کے لیے باقاعدگی سے ایک دوسرے کی فعال طور پر معاونت کریں گے اور مصروف عمل رہیں گے، اور ایسے معاملات کو حل کریں گے جو کارکنان، ماحول، یا گردونواح کی کمیونٹیز کی زندگیوں کو متاثر کر سکتے ہیں۔ وینڈرز غیر تصدیق یافتہ ذیلی ٹھیکے یا ہوم ورک کا استعمال بالکل نہیں کریں گے، اور وینڈرز کے لیے ضروری ہے کہ کسی قسم کے آڈٹ یا تحقیقات میں مکمل تعاون فراہم کرنے کے لیے وینڈرز کو یا اس کے فریقِ ثالث نمائندگان کو lululemon رسائی فراہم کریں گے۔

## شفاف لین دین

وینڈر فائدہ حاصل کرنے کے لیے کرپشن، بشمول بھتہ خوری، رشوت، یا طاقت کے دیگر ناجائز استعمال کی تمام اقسام سے گریز کرے گا۔